تنگ آجائے گی خود اپنے چلن سے دنیا
تجھ سے سیکھے گا زمانہ ترے انداز کبھی

فہم سیرت سلسلہ نمبر 4

# سیرت کوثر

(تعارف حقوق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم)

جسمیں آپ سیکھیں گے

- ایک امّتی پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کونسے 6 بنیادی حقوق عائد ہوتے ہیں؟
- انسانیت پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے 6 بنیادی احسانات کیا ہیں؟
- کیا ہمیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سچی محبت ہے؟ اس کو پہچاننے کی 6 علامتیں کیا ہیں؟
- حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت پیدا کرنے کے 6 اہم طریقے کیا ہیں؟
- حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اظہار محبت کے 3 بنیادی اصول اور اظہار محبت کے مروجہ طریقوں کی شرعی حیثیت کیا ہے؟
- ایک مسلمان حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کی مدد و نصرت کے لیے کیا کیا شکلیں اختیار کر سکتا ہے؟

مرتب: مفتی منیر احمد صاحب
استاذ: جامعۃ معہد العلوم الاسلامیۃ (ٹرسٹ)
فاضل: جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن، کراچی

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن (ٹرسٹ)
MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

تنگ آجائے گی خود اپنے چلن سے دنیا
تجھ سے سیکھے گا زمانہ ترے انداز کبھی

فہم سیرت سلسلہ نمبر 4

# سیرت کوثر

(تعارف حقوق مصطفیٰ ﷺ)

## جسمیں آپ سیکھیں گے

- ایک امتی پر حضور ﷺ کے کونسے 6 بنیادی حقوق عائد ہوتے ہیں؟
- انسانیت پر حضور ﷺ کے 6 بنیادی احسانات کیا ہیں؟
- کیا ہمیں حضور ﷺ سے سچی محبت ہے؟ اس کو پہچاننے کی 6 علامتیں کیا ہیں؟
- حضور ﷺ سے محبت پیدا کرنے کے 6 اہم طریقے کیا ہیں؟
- حضور ﷺ سے اظہار محبت کے 3 بنیادی اصول اور اظہار محبت کے مروجہ طریقوں کی شرعی حیثیت کیا ہے؟
- ایک مسلمان حضور ﷺ کے دین کی مدد و نصرت کے لیے کیا کیا شکلیں اختیار کر سکتا ہے؟

مرتب: مفتی منیر احمد صاحب
استاذ: جامعۃ معہد العلوم الاسلامیۃ (ٹرسٹ)
فاضل: جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن، کراچی

المنیر مرکز تعلیم وتربیت فاؤنڈیشن (ٹرسٹ)
MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

{جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں}

◀ کتاب کا نام : سیرت کوئز (تعارف حقوق مصطفیٰ ﷺ)
◀ مرتب : مفتی منیر احمد صاحب
◀ تاریخ طباعت : ربیع الاول 1444ھ / دسمبر 2022ء
◀ ناشر : المنیر مرکز تعلیم وتربیت فاؤنڈیشن (رجسٹرڈ)
◀ ای میل : admin@almuneer.pk
◀ ویب سائٹ : almuneer.pk
◀ فیس بک : AlmuneerOfficial
◀ یوٹیوب چینل : Almuneer

## ملنے کا پتہ

جامعہ معدہ العلوم الاسلامیہ
متصل جامع مسجد الفلاح بلاک "H" شمالی ناظم آباد کراچی۔
فون نمبر: 0331-2607207 - 0331-2607204

# فہرست



| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | تقریظ: سید عزیز الرحمن صاحب | 7 |
| 2 | تبصرہ (ماہنامہ بینات کراچی) | 10 |
| 3 | تبصرہ (سنڈے میگزین، جنگ) | 12 |
| 4 | کچھ کتاب کے بارے میں | 14 |
| 5 | ہر نسبت کی بناء پر کچھ حقوق عائد ہوتے ہیں | 17 |
| 6 | حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ہماری نسبتیں اور اس کے تقاضے | 17 |
| 7 | امت پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چھ بنیادی حقوق | 17 |
| 8 | پہلا حق: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لانا | 18 |
| 9 | دوسرا حق: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کثرت سے درود شریف پڑھنا | 20 |
| 10 | تیسرا حق: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وابستہ ہر چیز کا اداب کرنا | 21 |
| 11 | چوتھا حق:: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع کرنا | 23 |

| صفحہ نمبر | مضامین | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 23 | پہلی بات: آپ ﷺ کی زندگی تاریخی اعتبار سے مستند اور ہر شک وشبہ سے بالاتر ہے | 12 |
| 27 | دوسری بات : آپ ﷺ کی زندگی کے تمام پہلو سامنے ہیں کوئی گوشہ مخفی نہیں | 13 |
| 28 | تیسری بات: آپ کی زندگی تمام انسانی کمالات کا مجموعہ اور کامل نمونہ ہے | 14 |
| 29 | چوتھی بات: آپ کی زندگی آپ کی تعلیمات کا عملی نمونہ ہے | 15 |
| 30 | اتباع کی برکات، اہمیت اور ترک اتباع کے نقصانات | 16 |
| 32 | پانچواں حق: حضور ﷺ سے محبت کرنا | 17 |
| 32 | حکمِ محبت | 18 |
| 32 | ثمراتِ محبت | 19 |
| 32 | وجوہاتِ محبت | 20 |

| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| 21 | 1. جوتھوڑا تھوڑا سب کے پاس تھا وہ سارا کا سارا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھا | 33 |
| 22 | 2. جو کسی نبی کے پاس دنیا میں نہ تھا وہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھا | 33 |
| 23 | 3. جو کسی نبی کے پاس آخرت میں نہ ہوگا وہ محمد رسول اللہ کے پاس ہوگا | 35 |
| 24 | 4. جو کسی نبی کی امت کے پاس دنیا میں نہ تھا وہ محمد رسول اللہ کی امت کے پاس ہے | 36 |
| 25 | 5. جو کسی نبی کی امت کے پاس آخرت میں نہ ہوگا وہ محمد رسول اللہ کی امت کے پاس ہوگا | 38 |
| 26 | 6. باعتبار امت (جو خصائص حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حاصل تھے امت کے مقابلہ میں) | 39 |
| 27 | (2) جمال | 39 |

| صفحہ نمبر | مضامین | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 41 | (3)احسانات | 28 |
| 42 | مفہومِ محبت | 29 |
| 42 | علاماتِ محبت | 29 |
| 47 | طریقۂ محبت (محبت پیدا کرنے کا طریقہ) | 30 |
| 47 | اظہارِ محبت | 31 |
| 50 | نمونۂ محبت | 32 |
| 53 | چھٹا حق: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے لائے ہوئے دین کی مدد ونصرت کرنا | 33 |
| 53 | ہمیں دین کی مدد اور نصرت کا حکم ہے | 34 |
| 53 | دین کی مدد اور نصرت کی شکلیں اور طریقے | 35 |
| 53 | دین کا دفاع اور نصرت کرنے والوں کے واقعات | 36 |

# تقریظ

سید عزیز الرحمٰن صاحب
انچارج ریجنل دعوۃ سینٹر کراچی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم۔ امابعد..!

سیرت طیبہ ایک بہت بڑا اور وسیع موضوع ہے، اس کی بہت سی شاخیں ہیں، بہت سے ذیلی عنوانات ہیں، بہت سے پہلو اور بہت سی جہات ہیں، جن پر الگ سے کام ہوا ہے، کتب اور مقالات تحریر کیے گئے ہیں، اور یہ سلسلہ جاری ہے، اہل علم مسلسل اس خدمت کو انجام دے رہے ہیں۔ ان موضوعات میں ایک اہم اور ہماری زیادہ توجہ کا مستحق مضمون حقوق النبی صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ ہمیں یہ شرف حاصل ہے کہ ہم آپ علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے امتی ہیں، اس حیثیت سے ہم پر کچھ فرائض بھی لازم ہوتے ہیں، یہ فرائض اور ان کا بیان ایک جانب تو سیرت کا ایک عنوان

ہے، دوسری جانب یہ شریعت کا بھی موضوع ہے، اس لیے کہ آپ علیہ السلام کو پیغمبر کی حیثیت سے مبعوث کیا گیا ہے اور آپ علیہ الصلوۃ تسلیم کی محبت اور اتباع کو ایمان کے بنیادی تقاضوں میں شمار کیا گیا ہے، جو کہ حقوق النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بنیادی اور اہم ترین عنوانات ہیں۔ حقوق النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عنوان اس لیے بھی زیادہ توجہ کا مستحق ہے کہ یہ ایک عملی عنوان ہے، سیرت کے حوالے سے بہت سی معلومات ایسی ہیں جن کا تعلق محض مطالعے سے ہے، جن کو پڑھ لینا کافی ہے، لیکن حقوق کا معاملہ عمل کے دائرے میں شمار ہوتا ہے، حقوق النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایسے احکامات ہیں، جن کو اپنے عمل کا حصہ بنائے بغیر ادا کرنا ممکن ہی نہیں۔ ان حقوق کی ادائیگی کے ذریعے جہاں ایک جانب ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اپنے تعلق کو مضبوط بنیادوں پر استوار کر سکتے ہیں، وہیں اس کے نتیجے میں شریعت کے احکامات پر عمل پیرا ہونے کی وجہ سے دنیا اور آخرت کی کامیابیاں بھی سمیٹ سکتے ہیں، جو ہر صاحب ایمان کا اصل مقصود ہے۔ ہمارے مفتی منیر احمد صاحب اسلامی تعلیمات کو آسان اور سہل انداز میں پیش کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، اور بہت سے اہم عنوانات پر اس نوعیت کی کتب تحریر کر چکے ہیں جن کی درسی افادیت بہت زیادہ

ہے، اور جنہیں ہم اپنی درسی روایت کا حصہ بنا کر بہت سہولت کے ساتھ ان احکامات کو ذہن نشین کرنے میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کتاب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے امت پر چھ حقوق بیان کیے گئے ہیں، اور اہم ترین بات یہ ہے کہ ان حقوق کو ذیلی عنوانات میں تقسیم کر کے ہر عنوان کے تحت قرآن وسنت سے دلائل بیان کیے گئے ہیں، اور ہر بات حوالے کے ساتھ درج کی گئی ہے۔ نیز پوری کتاب میں تمام مضامین کو اس انداز سے مختصر نکات کی صورت میں پیش کیا گیا ہے کہ ان کو بہ سہولت بیان بھی کیا جا سکے اور انہیں یاد رکھنے میں بھی سہولت ہو سکے۔

کتاب کے مضامین دقت نظر کے ساتھ ساتھ حسن ترتیب سے بھی مزین ہیں۔ یہ سیرت طیبہ کے حوالے سے ایک اہم خدمت ہے جو یقیناً عنداللہ قبول اور عندالناس مقبول ہوگی۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس سے استفادے کی توفیق ارزانی فرمائے۔ آمین

# تبصرہ

## (ماہنامہ بینات کراچی)

زیر نظر کتاب فہم حقوق مصطفی مولانا مفتی منیر احمد صاحب فاضل جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن واستاذ جامعہ معہد العلوم الاسلامیہ نارتھ ناظم آباد کی تازہ تصنیف ہے، جس میں انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چھ بنیادی حقوق چھ ابواب میں ذکر کیے ہیں۔ انسانیت پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چھ احسانات، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنتوں کو اپنی زندگی میں لانے کا آسان طریقہ، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سچی محبت کی پہچان کی علامات، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت پیدا کرنے کے چھ اہم طریقے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اظہار محبت کے تین بنیادی اصول، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت بڑھانے، جوش وجذبہ پیدا کرنے کے لیے 116 دل چسپ واقعات مستند احادیث کی روشنی میں، مذکورہ موضوعات کے علاوہ اور بھی مفید اور کارآمد باتیں بہت ہی پیارے اور آسان انداز میں تحریر کی گئی ہیں۔

سامعین اور قارئین کے ذہنوں میں اس موضوع سے متعلق اٹھنے والے کئی سوالات کا بھی مسکت اور مدلل جواب تحریر کیا گیا ہے ۔ ماشاءاللہ ! اللہ تعالیٰ مفتی صاحب سے عوام الناس کی دینی راہنمائی کے لیے بہت اچھا کام لے رہے ہیں ، دوسری کتب کی طرح یہ کتاب بھی اس سلسلہ کی کڑی ہے ۔ اللہ تعالیٰ ان کی ان مساعی کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے ،آمین ۔

(جمادی الاخریٰ،1443ھ)

# تبصرہ
## (سنڈے میگزین، جنگ)

یہ کتاب فہم سیرت سلسلے کی تیسری کڑی ہے۔اس میں نبی کریم ﷺ کے اُن چھے حقوق کی تفصیل بیان کی گئی ہے۔ جو مصنف کے مطابق ہر امتی پر عائد ہوتے ہیں۔اُن میں پہلا حق آپ ﷺ پر ایمان لانا ہے، دوسرا حق کثرت سے درود پڑھنا، تیسرا حق حضور ﷺ سے وابستہ ہر چیز کا ادب کرنا، چوتھا حق آپ ﷺ کی اتباع کرنا، پانچواں حق آپ ﷺ کے ساتھ محبت اور چھٹا حق آپ ﷺ کے لائے ہوئے دین کی مدد و نصرت کرنا ہے۔ان حقوق کی تفصیل کے بیان کے لیے درجنوں ذیلی عنوانات کے ذریعہ نہایت عمدگی سے علمی و تحقیقی مواد فراہم کیا گیا ہے۔ اپنے دقیع مواد کے سبب اسے سیرت النبیؐ کا منی انسائیکلوپیڈیا قرار دیا جائے، تو بے جانہیں ہوگا۔آغاز میں ایک تفصیلی ہدایت نامہ بھی موجود ہے۔جس میں کتاب سے زیادہ بہتر طور پر

استفادے کے طریقہ کار کی رہنمائی کی گئی ہے۔ گو کہ اسلوب نگارش سادہ اور عام فہم ہے، مگر بعض مقامات پر نظرِ ثانی کی خاصی گنجائش موجود ہے۔ یہ اس لیے بھی ضروری ہے کہ یہ کتاب بنیادی طور پر عام پڑھے لکھے افراد کے لیے ترتیب دی گئی ہے۔

(نومبر 2021ء، بروز اتوار)

# کچھ کتاب کے بارے میں

## نَحْمَدُهٗ وَ نُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ

سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی حیات مبارکہ تمام طبقات انسانی (امیر، غریب، حاکم، محکوم، چھوٹا، بڑا، مرد، عورت) کی ہر حالت (خوشی، غمی، صحت، بیماری) کے لیے اسوہ حسنہ اور نمونہ ہے۔ اس کے لیے اچھی، پاکیزہ اور کامیاب زندگی گزارنے کے لیے ہر مسلمان کے ذمہ داری ہے کہ وہ خود بھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت طیبہ کو پڑھے، سنے اور سیکھے۔ اور بحیثیت امتی ہمارے ذمہ آقا کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے جو جو حقوق عائد ہوتے ہیں ان کو بھی پہچانیں اور ادائیگی کی کوشش کریں۔

والدین اپنے بچوں کو، اساتذہ اپنے طلبہ کو، ائمہ کرام اپنے مقتدیوں کو، ادارے کے سربراہ اپنے ماتحتوں کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت طیبہ کی آگاہی دیں، ان کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے حقوق بتائیں بلکہ سکھائیں کیونکہ یہ ہم سب کی دینی اور شرعی ذمہ داری ہونے کے ساتھ ساتھ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے محبت و عقیدت کے اظہار کی علامت ہے، چنانچہ اسی نسبت سے آج سے تقریبا 10 سال پہلے سیرت کوئز لیول 1 کے نام سے ایک کتابچہ

مرتب کیا تھا جس کا مقصد یہ تھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت طیبہ کے بنیادی گوشوں سے ہر ہر بچہ، بچی کو اور پڑھے لکھے آدمی سے لیکر ان پڑھ آدمی تک کو واقفیت ہو سکے اور اس کو یاد کیا جا سکے۔ الحمدللہ اس کتابچے کو عوام و خواص سب ہی میں پذیرائی ملی اور ربیع الاول کے موقع پر اسکولوں، مکاتب قرآنیہ، مدارس دینیہ اور دیگر جگہوں میں اس سے خوب خوب استفادہ ہوتا رہا۔

جس وقت سیرت طیبہ کے موضوع پر سیرت کوئز کے نام سے کام ہو رہا تھا تو اس بات کی بھی ضرورت محسوس ہوئی کہ ایسی عظیم الشان مبارک ہستی کے ہم پر عائد ہونے والے جو حقوق ہیں وہ بھی اس انداز میں امت کے سامنے لائیں جائیں جو لوگوں کے لیے سمجھنا اور سمجھانا آسان ہوں اور مستند ہوں۔ چنانچہ اس پر اللہ کا نام لیکر کام شرع کیا گیا، مختلف مراحل اور 10 سال کی محنت کے بعد الحمدللہ فہم حقوق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام سے ایک ضخیم کتاب تیار ہو گئی۔

چونکہ حقوق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک تفصیلی اور ضخیم کتاب ہے، اس لیے اس سیرت کوئز میں اُس کتاب کے صرف سوالات کو جمع کر کے ایک کوئز بنا دی گئی تا کہ قارئین کے لیے سوالات یاد کرنا آسان ہو۔ اس کو سیرت کوئز (تعارف حقوق مصطفیٰ ﷺ) کا نام دیا۔ اس کتاب میں جوابات نہیں

دیئے گئے جوابات کے لیے اصل کتاب **فہم حقوق مصطفیٰ** ﷺ کی طرف ہی مراجعت کی جائے۔

اگراسکول کالج کے اساتذہ، مساجد کے آئمہ، مدارس کے سرپرست حضرات سیرت کوئز مقابلوں میں اس کوئز کو خصوصیت سے شامل فرمالیں تو ہماری نسلیں حضرت محمد ﷺ کے حقوق پہچان لیں گی اور سچی بات یہ ہے کہ والدین کے لیے اپنے بچوں کو، اساتذہ کا اپنے شاگردوں کو، مشائخ کا اپنے مردیوں کو اپنے حقوق بتانا ان کی ادائیگی پر آمادہ کرنا اتنا ضروری نہیں جتنا امت کو حضور ﷺ کے حقوق بتانا ضروری ہے۔

قرآن کریم میں ہے:

النَّبِيُّ أَوْلَىٰ بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنفُسِهِمْ۔(احزاب:6)

نبی مومنین کے ساتھ تو ان کے نفس (اور ذات) سے بھی زیادہ تعلق رکھتے ہیں۔

منیر احمد

استاذ حدیث: جامعہ معہد العلوم الاسلامیہ

فاضل: جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن

# تمہیدی بات

## ہر نسبت کی بناء پر کچھ حقوق عائد ہوتے ہیں

سوال 1: لوگوں پر لوگوں کے جو حقوق عائد ہوتے ہیں، عموما اس کی بنیاد کیا ہوتی ہے؟

## حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ہماری نسبتیں اور اس کے تقاضے

سوال 2: ایک امتی کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کیا کیا نسبتیں حاصل ہیں اور ان نسبتوں کے کیا کیا تقاضے ہیں؟

## امت پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چھ بنیادی حقوق

سوال 3: امّتیوں پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کون سے چھ بنیادی حقوق عائد ہوتے ہیں؟

# پہلا حق: حضور ﷺ پر ایمان لانا

سوال 4: حضور ﷺ پر ایمان لانے سے کیا مراد ہے؟

سوال 5: کیا نجات کے لیے حضور ﷺ پر ایمان لانا ضروری ہے؟
قرآن وحدیث کی روشنی میں اس کا جواب دیں۔

سوال 6: کچھ لوگ یہ کہتے ہیں کہ یہ کیا بات ہوئی کہ ایک با اخلاق باکردار یہودی جو موسیٰ علیہ السلام کو رسول مانتا ہے اسی طرح ایک عیسائی جو عیسیٰ علیہ السلام کو رسول مانتا ہے مگر محمد ﷺ کو رسول نہیں مانتا۔
آپ کہتے ہیں کہ وہ باوجود بااخلاق باکردار ہونے کے ہمیشہ کے لیے جہنم میں جلے گا جبکہ ایک گناہگار مسلمان جو محمد ﷺ کو پیغمبر مانتا ہے مگر اخلاق واعمال اور کردار کے اعتبار سے بہت برا ہے وہ ایک نہ ایک دن ہمیشہ ہمیشہ جنت میں جائے گا؟

سوال 7: ختم نبوت کا معنیٰ اور مطلب اور اس کی اہمیت بیان کریں۔

سوال 8: حضور ﷺ نے نبوت کے جھوٹے مدعیوں کے متعلق کیا کیا پیش گوئیاں فرمائیں اور ان کا ظہور کب اور کس طرح ہوا اور صحابہ رضی اللہ عنہم نے ان جھوٹے مدعیوں کے ساتھ کیا برتاؤ کیا؟

سوال 9: قادیانیت کی ابتداء کب ہوئی اور ان کے کتنے فرقے ہیں اور ان میں کیا فرق ہے؟

سوال 10: لاہوری اور قادیانی مرزائیوں میں کیا فرق ہے؟

سوال 11: جب لاہوری مرزا غلام احمد کو نبی ہی نہیں مانتے تو ان کے کافر ہونے کی کیا وجہ ہے؟

سوال 12: مسلمانوں کو قادیانیوں کے ان دونوں گروپوں کے ساتھ کیا رویہ اختیار کرنا چاہیے؟

سوال 13: قادیانیوں کے بارے میں پاکستان کا آئین کیا ہے؟ وضاحت کریں۔

سوال 14: قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دلوانے میں تحریک ختم نبوت کا کیا کردار رہا؟ مختصراً بیان کریں۔

# دوسرا حق: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کثرت سے درود شریف پڑھنا

سوال 15: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھنے کے بارے میں قرآن کریم میں ہمیں کیا ہدایات دی گئی ہیں؟

سوال 16: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھنا کب فرض اور کب واجب ہے؟

سوال 17: درود شریف پڑھنے کے کیا فضائل ہیں؟

سوال 18: احادیث میں کن موقعوں اور اوقات میں درود پڑھنے کی تاکید فرمائی گئی ہے؟

سوال 19: احادیث میں درود نہ پڑھنے پر کیا وعیدیں آئی ہیں؟

سوال 20: سب سے افضل اور مستند ترین درود شریف کون سا ہے؟

سوال 21: کوئی چھوٹا سا کتابچہ جس میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول/مستند درود شریف کو یکجا کیا گیا ہو اس کا نام بتائیں؟

سوال 22: آج کل عہد نامہ، درود تاج، درود ہزاروی، درود لکھی، دعا جمیلہ وغیرہ چھوٹی چھوٹی کتابوں کی شکل میں ملتی ہیں، کیا ان میں موجود فضائل قرآن وحدیث سے ثابت ہیں؟

# تیسرا حق: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے وابستہ ہر چیز کا اداب کرنا

سوال 23: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی تعظیم اور آداب سے متعلق قرآن کریم میں کیا حکم دیا گیا ہے؟

سوال 24: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ادب کے بارے میں قرآن کریم میں ہمیں کونسی 4 ہدایات دی گئی ہیں؟

سوال 25: آج جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہمارے درمیان موجود نہیں تو یہ جو ادب ہمیں سکھایا گیا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے آگے مت بڑھو ہم اس پر کیسے عمل کر سکتے ہیں؟

سوال 26: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا جو ادب ہمیں سکھایا گیا ہے کہ اپنی آواز کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی آواز سے بلند مت کرو، آج ہم کیسے اس پر عمل کر سکتے ہیں۔

سوال 27: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی آواز سے اپنی آواز کو بلند کرنے کی بے ادبی پر قرآن نے کیا وعید (دھمکی) دی ہے؟

سوال 28: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا یہ جو ادب ہمیں سکھایا گیا ہے کہ جس طرح

آپس میں ایک دوسرے کو پکارتے ہو اس طرح حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مت پکارو آج ہم اس پر کیسے عمل کر سکتے ہیں؟

سوال 29: حضرت (قتادہ/ اعمش/ بخاری، امام مالک/ ابن سیرین/ شاہ عبدالعزیز/ سعید بن مسیب / امام قبیصۃ) کے حدیث کے ادب کرنے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال 30: حضرت (امام مالک، عمر بن عبدالعزیز، نانوتوی) کے روضہ اقدس کے ادب کا واقعہ بیان کریں۔

سوال 31: اہل بیت کے ادب کے متعلق قرآن وحدیث سے وضاحت کریں۔

سوال 32: صحابہ کے ادب و تعظیم کے متعلق قاضی عیاض نے کیا فرمایا؟

# چوتھا حق: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع کرنا

سوال 33: کس شخصیت کی سیرت تمام طبقات انسانی (یعنی امیر و غریب، حاکم ومحکوم، باپ بیٹا اوران کی ہر حالت (یعنی خوشی غمی، صحت بیماری) کے لیے آئیڈیل سیرت بن سکتی ہے؟

سوال 34: وہ کون سی شخصیت ہے جس کی سیرت و زندگی میں تمام طبقات انسانی اوران کی ہر حالت میں آئیڈیل بننے کی پہلی شرط (جس کی زندگی تاریخی اعتبار سے مستند اور ہر شک وشبہ سے بالاتر ہو) پائی جاتی ہیں؟

## پہلی بات: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی تاریخی اعتبار سے مستند اور ہر شک وشبہ سے بالاتر ہے

سوال 35: انسانی مذاہب کے تمام بانیوں، پیشواؤں میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے علاوہ کوئی ایسی ہستی ہے جن کی سیرت/ زندگی اس طرح محفوظ ہو کہ:

● اس مذہب کے بانی کی زندگی میں شروع ہی سے ان کی سیرت کی حفاظت کا اہتمام کیا گیا ہو

● اور یہ اہتمام کسی فرد یا افراد نے نہیں بلکہ ایک بڑی جماعت، لاکھوں کروڑوں افراد نے کیا ہو۔

● اور ہر طریقہ سے کیا ہو یعنی تحریری، زبانی، عملی، تعلیم، تبلیغ الغرض انسانوں کی وہ ساری کوششیں اور تدبیریں صرف ہوئی ہوں جو کسی واقعہ کی حفاظت کے متعلق انسان کا دماغ سوچ سکتا ہے۔

● اور حفاظت کے ہر طریقہ کو انتہائی معیاری انداز میں کیا گیا ہو۔

● پھر یہ اہتمام بانی مذہب کے زمانہ سے لے کر ہمارے زمانہ تک ہر زمانہ میں ہوا ہو، درمیان میں انقطاع نہ ہوا ہو۔

## (1) آپ ﷺ کی سیرت اور زندگی کی حفاظت تمام طریقوں سے ہوئی۔

**پہلا طریقہ: آپ کی سیرت کی حفاظت تحریر سے**

سوال 36: عہد نبوی سے (11 ھ تک) میں تحریر شدہ احادیث کی مقدار کیا تھی اور اس کی شکلیں کیا تھیں؟

سوال 37: عہد صحابہ (پہلی صدی کے آخر تک) میں احادیث کی تحریر کی شکلیں کیا تھیں؟

سوال 38: عہد تابعین (پہلی صدی کے آخر سے دور تدوین، تصنیف وتالیف یعنی دوسری صدی کے وسط تک) کا تحریری سرمایہ کیا تھا کس شکل میں تھا؟

سوال 39: عہد تدوین کے بعد تیسری صدی سے ہمارے زمانہ تک کا تحریری سرمایہ کیا تھا اور کس شکل میں تھا؟

**دوسرا طریقہ: آپ کی سیرت اور زندگی کی حفاظت حافظے سے**

سوال 40: کیا کسی چیز کو محفوظ کرنے کا طریقہ صرف تحریر ہے؟

سوال 41: صحابہ کرام نے حضور ﷺ کی سیرت کو معیاری طور پر

حافظوں کے ذریعہ کس طرح محفوظ کیا 7 امتیازی باتیں بتائیں؟

**تیسرا طریقہ: آپ کی سیرت اور زندگی کی حفاظت عمل سے**

سوال 42: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت اور زندگی کی حفاظت عمل کے ذریعہ سے کس طرح ہوئی وضاحت کریں۔

**چوتھا طریقہ: آپ کی سیرت اور زندگی کی حفاظت تعلیم و تبلیغ سے**

سوال 43: حضور کی سیرت اور زندگی کی حفاطت تعلیم اور تبلیغ کے ذریعہ کس طرح ہوئی وضاحت کریں۔

## (2) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت اور زندگی کی حفاظت شروع سے ہوئی

سوال 44: آپ کی سیرت اور زندگی کی حفاظت شروع ہی سے ہوئی جبکہ دیگر مذاہب کا معاملہ ایسا نہیں اس کی وضاحت کریں۔

## (3) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت اور زندگی کی حفاظت بڑی جماعت نے کی

سوال 45: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت اور زندگی کی حفاظت فرد یا افراد نے نہیں کی بلکہ یہ کام ایک بڑی جماعت نے کیا جبکہ دیگر مذاہب کا معاملہ ایسا نہیں اس کی وضاحت کریں۔

## (4) آپ ﷺ کی سیرت اورزندگی کی حفاظت میں کہیں انقطاع نہیں

سوال 46: آپ کی سیرت اور زندگی کی حفاظت جن ذرائع سے ہوئی تو اس وقت سے اب تک درمیان میں کہیں انقطاع نہیں ہوا۔ جبکہ دیگر مذاہب کا معاملہ ایسا نہیں۔ اس کی وضاحت کریں۔

## (5) آپ ﷺ کی سیرت اورزندگی کی حفاظت انتہائی معیاری طور پر ہوئی

سوال 47: حضور ﷺ کے علاوہ کسی مذہب کے بانی کی زندگی ایسی معیاری انداز میں محفوظ نہیں ہوئی۔ جیسے حضور ﷺ کی زندگی محفوظ ہوئی وہ معیاری انداز کیا تھا کچھ وضاحت کریں۔

## دوسری بات: آپ ﷺ کی زندگی کے تمام پہلو سامنے ہیں کوئی گوشہ مخفی نہیں

سوال 48: وہ کون سی شخصیت ہے جس کی سیرت اور زندگی کے تمام

پہلو سامنے ہیں، کوئی گوشہ مخفی نہیں؟

سوال 49: آپ کی زندگی کے پانچ پہلوؤں ((1) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذاتی احوال (2) عبادات (3) معمولات (4) اخلاق (5) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنوں اور غیروں کے درمیان) پر کچھ روشنی ڈالیں۔

## تیسری بات: آپ کی زندگی تمام انسانی کمالات کا مجموعہ اور کامل نمونہ ہے

سوال 50: کسی سیرت کے عملی نمونہ بننے کے لیے تیسری ضروری شرط ''جامعیت'' ہے۔ جامعیت سے مقصود یہ ہے کہ مختلف طبقات انسانی کو اپنی ہدایت اور روشنی کے لیے نمونوں کی ضرورت ہوتی ہے یا ہر فرد انسانی کو اپنے مختلف تعلقات و روابط اور فرائض و واجبات کو ادا کرنے کے لیے جن مثالوں اور نمونوں کی حاجت ہوتی ہے وہ سب اس ''آئیڈیل زندگی'' کے آئینہ میں موجود ہوں۔ اس نقطۂ نگاہ سے بتایئے کہ ایسی کونسی شخصیت ہے جو اس

معیار پر پوری اترتی ہو؟

سوال 51: کن کن انسانی طبقات کے لیے اور انسانوں کے کن کن حالات کے لیے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسوۂ اور نمونہ ہیں، وضاحت کریں؟

سوال 52: حضور کی سیرت تمام انبیاء کی سیرت کا مجموعہ ہے۔ کچھ وضاحت کریں؟

سوال 53: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت مختلف اور متضاد صفات کا مجموعہ ہے کچھ وضاحت کریں۔

## چوتھی بات: آپ کی زندگی آپ کی تعلیمات کا عملی نمونہ ہے

سوال 54: وہ کون سی شخصیت ہے جس کی سیرت و زندگی میں تمام طبقات انسانی اور ان کی ہر حالت میں آئیڈیل بننے کی چوتھی شرط (جس کی زندگی اس کی تعلیمات کا عملی نمونہ ہو) پائی جاتی ہیں؟

سوال 55: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امت کو عبادات کی جو تعلیمات دیں آپ خود اس کا عملی نمونہ تھے، کچھ وضاحت کریں۔

سول 56: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق کی کچھ قرآنی اور آسمانی شہادتیں بیان کریں۔

سول 57: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق کے متعلق آپ کے گھر والوں اہل وعیال اور مخلصین کی کچھ شہادتیں بیان کریں۔

سوال 58: آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے زھد اور دنیا سے بے رغبتی کے متعلق کچھ واقعات بیان کریں۔

سوال 59: آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے ایثار کے متعلق کچھ واقعات بیان کریں۔

سوال 60: آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے توکل اور اللہ تعالیٰ کی ذات پر بھروسہ کے متعلق کچھ واقعات بیان کریں۔

سوال 61: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے عفو درگزر اور دشمنوں کے ساتھ اخلاق کے متعلق کچھ واقعات بیان کریں۔

## اتباع کی برکات، اہمیت اور ترک اتباع کے نقصانات

سوال 62: قرآن وحدیث کی روشنی میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع کی برکات اور فضائل بتائیں۔

سوال 63: قرآن وحدیث اور مثالوں کے ذریعہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی

اتباع کی اہمیت کو اضح کریں۔

سول 64: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع کو ترک کرنے کے کیا کیا نقصانات ہیں وضاحت کریں۔

سوال 65: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع کو ترک کرنے کے نقصانات کچھ واقعات کی روشنی میں بیان کریں۔

سوال 66: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک سنتوں کو اپنے زندگی میں لانے اور ان پر عمل کرنے کا عملی طریقہ کار کیا ہوگا؟

# پانچواں حق: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرنا

## حکمِ محبت

سوال 67: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کے بارے میں قرآن واحادیث میں ہمیں کیا ہدایات دی گئی ہیں؟

## ثمراتِ محبت

سوال 68: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرنے کے ثمرات اور فوائد بیان کریں۔

## وجوہاتِ محبت

سوال 69: محبت کے اسباب اور وجوہات کیا ہیں ان کی وضاحت کریں؟

سوال 70: اسباب محبت کمال، جمال، نوال کی وضاحت کریں۔

سوال 71: محبت کے تین اسباب (کمال، جمال، نوال/احسانات) سب سے زیادہ کس ہستی میں پائے جاتے ہیں؟

سوال 72: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کمالات کی وضاحت کریں۔

سوال 73: جو کمالات انسانوں اور نبیوں میں الگ الگ تھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات میں وہ سب یکجا طور پر موجود

تھے اس کی وضاحت کریں۔

## 1۔ جو تھوڑا تھوڑا سب کے پاس تھا وہ سارا کا سارا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھا

سوال 74: جو کمالات انسانوں اور نبیوں میں الگ الگ تھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات میں وہ سب یکجا طور پر موجود تھے اس کی وضاحت کریں۔

## 2۔ جو کسی نبی کے پاس دنیا میں نہ تھا وہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھا

سوال 75: وہ کون سے کمالات ہیں جو دنیا میں کسی نبی کے پاس نہیں تھے محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھے؟

سوال 76: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو انبیاء کے مقابلہ میں میثاق کا جو کمال اور امتیاز دیا گیا تھا اس کی وضاحت کریں۔

سوال 77: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عمومی رسالت کا جو کمال اور امتیاز دیا گیا تھا اس کی وضاحت کریں۔

سوال78: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیگر انبیاء پر جو ختم نبوت کی خصوصیت عطا فرمائی گئی تھی اس کی وضاحت کریں۔

سوال79: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چوتھی خصوصیت دائمی معجزہ (قرآن کریم) کی وضاحت بیان کریں۔

سوال80: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیگر انبیاء پر جوامع الکلم کی جو خصوصیت عطا کی گئی تھی اس کی تفصیل بیان کریں۔

سوال 81: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیگر انبیاء پر رعب ونصرت کی جو خصوصیت عطا کی گئی تھی اس کی تفصیل بیان کریں۔

سوال 82: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیگر انبیاء پر محبوبیت (اللہ تعالیٰ کی خصوصی محبت) کی جو خصوصیت عطا کی گئی تھی اس کی تفصیل بیان کریں۔

سوال83: اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام نامی کو اپنے نام کے ساتھ جوڑ دیا وضاحت کریں۔

سوال84: اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام کو جب خطاب فرمایا تو ناموں سے کیا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نام کے بجائے صفات سے

خطاب کیا، آیاتیں سنائیں۔

سوال85: جب دیگر انبیاء پر اعتراض کیے گئے تو انہوں نے خود اس کے جوابات دیئے لیکن جب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اعتراضات کیے گئے تو اللہ تعالیٰ خود وکیل صفائی بن گئے آیتوں سے وضاحت کریں۔

سوال86: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیگر انبیاء پر رحمت عالم کی جو خصوصیت عطا کی گئی تھی اس کی تفصیل بیان کریں۔

سوال87: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیگر انبیاء پر امان عالم کی جو خصوصیت عطا کی گئی تھی اس کی تفصیل بیان کریں۔

سوال88: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیگر انبیاء پر خزائن عالم کی جو خصوصیت عطا کی گئی تھی اس کی تفصیل بیان کریں۔

## 3. جو کسی نبی کے پاس آخرت میں نہ ہوگا وہ محمد رسول اللہ کے پاس ہوگا

سوال89: وہ کون سے کمالات ہیں جو آخرت میں کسی نبی کے پاس نہیں ہوں گے وہ محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ہوں گے؟

سوال 90: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آخرت میں مقام وسیلہ وفضیلۃ کی جو خصوصیت عطا کی جائی گی اس کی وضاحت کریں۔

سوال 91: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آخرت میں مقام محمود وشفاعت عظمیٰ کی جو خصوصیت عطا کی جائی گی اس کی وضاحت کریں۔

سوال 92: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آخرت میں مقام اوّلیت کی جو خصوصیت عطا کی جائی گی اس کی وضاحت کریں۔

## 4. جو کسی نبی کی امت کے پاس دنیا میں نہ تھا وہ محمد رسول اللہ کی امت کے پاس ہے

سوال 93: وہ کون سی خصوصیات ہیں جو کسی بھی نبی کی امت کو دنیا میں حاصل نہ تھیں وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کو حاصل ہیں؟

سوال 94: حضور کی امت کو اللہ تعالیٰ نے دنیا میں جو خَیرُ الاُمَم کی خصوصیت عطا فرمائی ہے اس کی وضاحت کریں۔

سوال 95: امت کے لیے مال غنیمت کو حلال کرنے کی جو خصوصیت عطا فرمائی ہے اس کی وضاحت کریں۔

سوال 96: امت کے لیے اللہ تعالیٰ نے پوری زمین مسجد اور طہارت

کا ذریعہ بنادی امت کی اس خصوصیت کی وضاحت کریں۔

سوال 97: امت کے لیے اللہ تعالیٰ نے احکام کے اعتبار سے آسانیاں پیدا کی، امت کی اس خصوصیت کی وضاحت کریں۔

سوال 98: امت کے لیے اللہ تعالیٰ نے بھول چوک کی معافی کا اعلان کیا، امت کی اس خصوصیت کی وضاحت کریں

سوال 99: امت کے لیے اللہ تعالیٰ نے عمومی عذاب الٰہی سے حفاظت کا وعدہ کیا امت کی اس خصوصیت کی وضاحت کریں۔

سوال 100: پوری امت کا گمراہی پر جمع نہ ہونا، امت کی اس خصوصیت کی وضاحت کریں۔

سوال 101: یہ امت زمین پر اللہ تعالیٰ کے گواہ ہے، امت کی اس خصوصیت کی وضاحت کریں۔

سوال 102: اس امت کی نماز کی صفیں ملائکہ کی صفوں کے مشابہ ہے، امت کی اس خصوصیت کی وضاحت کریں۔

## 5.جوکسی نبی کی امت کے پاس آخرت میں نہ ہوگا وہ محمد رسول اللہ کی امت کے پاس ہوگا

سوال 103: وہ کون سی خصوصیات ہیں جوکسی بھی نبی کی امت کوآخرت میں حاصل نہ ہوں گی وہ آپ ﷺ کی امت کوحاصل ہوں گی؟

سوال 104: آخرت میں امت محمدیہ کی روشن پیشانی کی خصوصیت کی وضاحت کریں۔

سوال 105: آخرت میں امت محمدیہ کی دوسری امت پر گواہی کی خصوصیت کی وضاحت کریں۔

سوال 106: آخرت میں امت محمدیہ کاسب سے پہلے پُل صرط سے گزرنا اورجنت میں داخلہ کی خصوصیت کی وضاحت کریں۔

سوال 107: آخرت میں امت محمدیہ کاعمل تھوڑاثواب زیادہ کی خصوصیت کی وضاحت کریں۔

سوال 108: آخرت میں امت محمدیہ کا جنت میں سب سے زیادہ تعداد ہونے کی خصوصیت کی وضاحت کریں۔

سوال 109: آخرت میں امت محمد یہ کا دنیا میں آنے کے اعتبار سے بعد میں لیکن قیامت کے دن سب سے پہلے کی خصوصیت کی وضاحت کریں۔

## 6. بااعتبار امت (جو خصائص حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حاصل تھے امت کے مقابلہ میں)

سوال 110: وہ کون سی خصوصیات ہیں جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حاصل تھیں کسی امتی کو حاصل نہیں تھیں؟ ہر ایک کی قرآن وحدیث سے وضاحت کریں۔

سوال 111: مذکورہ خصوصیتوں کے علاوہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی 8 دیگر خصوصیات بیان کریں۔

## (2) جمال

سوال 112: حضورؐ کے جمال اور حسن کی وضاحت کریں۔

سوال 113: حضورؐ کے چہرہ انور کی 10 صفات کی وضاحت بیان کریں

سوال 114: حضورؐ کی پیشانی مبارک کی صفات کی وضاحت بیان کریں

سوال 115: حضورؐ کی ناک مبارک کی صفات کی وضاحت بیان کریں

سوال 116: حضورؐ کے رخسار مبارک کی صفات کی وضاحت بیان کریں
سوال 117: حضورؐ کے ہونٹ مبارک کی صفات کی وضاحت بیان کریں
سوال 118: حضورؐ کے دندان مبارک کی صفات کی وضاحت بیان کریں
سوال 119: حضورؐ کے منہ مبارک کی صفات کی وضاحت بیان کریں
سوال 120: حضورؐ کے لعاب مبارک کی صفات کی وضاحت بیان کریں
سوال 121: حضورؐ کی ٹھوڑی مبارک کی صفات کی وضاحت بیان کریں
سوال 122: حضورؐ کے کان مبارک کی صفات کی وضاحت بیان کریں
سوال 123: حضورؐ کی ڈاڑھی مبارک کی صفات کی وضاحت بیان کریں
سوال 124: حضورؐ کی مونچھیں مبارک کی صفات کی وضاحت بیان کریں
سوال 125: حضورؐ کے زلفیں مبارک کی صفات کی وضاحت بیان کریں
سوال 126: حضورؐ کی کنگھی مبارک کی صفات کی وضاحت بیان کریں
سوال 127: حضورؐ کے مانگ مبارک کی صفات کی وضاحت بیان کریں
سوال 128: حضورؐ کی گردن مبارک کی صفات کی وضاحت بیان کریں
سوال 129: حضورؐ کے کندھے مبارک کی صفات کی وضاحت بیان کریں
سوال 130: حضورؐ کی مہر نبوت مبارک کی صفات کی وضاحت بیان کریں
سوال 131: حضورؐ کے سینہ مبارک کی صفات کی وضاحت بیان کریں

سوال132: حضورؐ کے قلب مبارک کی صفات کی وضاحت بیان کریں
سوال133: حضورؐ کی شکم مبارک کی صفات کی وضاحت بیان کریں
سوال134: حضورؐ کی پشت مبارک کی صفات کی وضاحت بیان کریں
سوال135: حضورؐ کے بازو مبارک کی صفات کی وضاحت بیان کریں
سوال136: حضورؐ کی ہتھیلی مبارک کی صفات کی وضاحت بیان کریں
سوال137: حضورؐ کی پنڈلی مبارک کی صفات کی وضاحت بیان کریں
سوال138: حضورؐ کے پاؤں مبارک کی صفات کی وضاحت بیان کریں
سوال139: حضورؐ کے قدین مبارک کی صفات کی وضاحت بیان کریں
سوال140: حضورؐ کی انگلیاں مبارک کی صفات کی وضاحت بیان کریں
سوال141: حضورؐ کے پاوں کے تلوے مبارک کی صفات کی وضاحت بیان کریں

## (3) احسانات

سوال142: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے 6 بنیادی احسانات کی وضاحت کریں۔
سوال 143: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے پہلے احسان ''وَحْدَتِ رَب'' کی وضاحت کریں۔

سوال 144: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دوسرے احسان ''وَحْدَتِ اَبْ'' کی وضاحت کریں۔

سوال 145: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تیسرے احسان ''احترام انسانیت'' کی وضاحت کریں۔

سوال 146: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چوتھے احسان ''انسانیت کو مایوسی اور احساس کمتری سے نکالنے'' کی وضاحت کریں۔

سوال 147: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پانچویں احسان ''دین ودنیا کی وحدت کا تصور'' کی وضاحت کریں۔

سوال 148: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چھٹے احسان ''حقیقی مقصد زندگی باخبر کرنے'' کی وضاحت کریں۔

## مفہوم محبت

سوال 149: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جس محبت کا مطالبہ ہے اس کا مفہوم کیا ہے؟

## علاماتِ محبت

سوال 150: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرنے کی 7 علامات کیا کیا ہیں؟

سوال 151: پہلی علامت: آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دیدار اور ملاقات

کی شدید خواہش ہونا صحابہ کے کچھ واقعات سے اس کی وضاحت کریں۔

سوال 152: دوسری علامت: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بتائے ہوئے طریقہ زندگی (سنت رسول) میں دنیا و آخرت کی کامیابی سمجھنا اور ان سے محبت کرنا، سر سے لیکر پیر تک اور زندگی کے ہر شعبہ میں، خوشی غمی کے ہر موقع پر اسی کو اپنانا اسی کو ترجیح دینا، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طریقہ کے خلاف غیروں کے طریقوں میں دنیا و آخرت کی ناکامی سمجھنا ان سے نفرت کرنا ان سے سے بچنا۔ صحابہ کے کچھ واقعات سے اس کی وضاحت کریں۔

سوال 153: تیسری علامت: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات عزت و ناموس اور آپ کے دین کی حفاظت، نصرت اور دفاع کے لیے ہمہ وقت اپنی جان، مال، صلاحیتیں قربان کرنے کے لیے مستعد اور تیار رہنا، صحابہ کے کچھ واقعات سے اس کی وضاحت کریں۔

سوال 154: چوتھی علامت: حضور ﷺ پر کثرت سے درود شریف پڑھنا اس کی وضاحت کریں۔

سوال 155: پانچویں علامت: کثرت سے آپ ﷺ کا تذکرہ کرنا، اس کی وضاحت کریں۔

سوال 156: چھٹی علامت: جن لوگوں یا چیزوں سے حضور ﷺ کو محبت تھی ان سے محبت کرنا، اور جو لوگ اور چیزیں آپ ﷺ کو ناپسند تھیں ان کو ناپسند کرنا، اس کی وضاحت کریں۔

سوال 157: ساتویں علامت: جن لوگوں جن چیزوں کو حضور ﷺ سے نسبت تھی اس نسبت کی وجہ سے ان سے محبت رکھنا ان کی رعایت رکھنا، اس کی وضاحت کریں۔

سوال 158: کیا گناہ گار کو بھی اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت ہو سکتی ہے؟

سوال 159: تحفظِ ناموسِ رسالت کی شرعی حیثیت اور اس کی حدود کیا ہیں؟

سوال160: اگر کوئی شخص یا حکومت شان رسالت ﷺ میں گستاخی کرتی ہے
توشرعاً اس کی سزا کیا ہے؟

سوال 161: موجودہ دور میں اگر شرعی سزا کا نفاذ ناممکن ہو تو
مسلمانوں کے لیے اس سے برأت اور بچاؤ کے لیے کیا
حکم ہے اور وہ کیا طریقہ اختیار کریں؟

سوال162: تحفظ ناموس رسالت کے سلسلے میں کیا احتجاج کرنا درست ہے؟

سوال163: گستاخی کرنے والوں سے تجارتی تعلقات ختم کر لینا یا
معاہدات ختم کر لینا شرعی رو سے جائز ہے نہیں؟

سوال164: اگر کسی کمپنی یا شخص کا اس توہین والے عمل کے ساتھ کوئی
تعلق نہ ہو، محض ایک علاقائی یا لسانی تعلق ہو، اس بناء پر
اس شخص یا کمیٹی کا بائیکاٹ کرنا اور لوگوں کو اس کی ترغیب
دینا کیسا ہے؟

سوال 165: گستاخ ناموسِ رسالت ﷺ کعب بن اشرف
یہودی کے قتل کا واقعہ سنائیں۔

سوال 166: گستاخ ناموسِ رسالت ﷺ ابورافع یہودی کے

قتل کا واقعہ سنائیں۔

سوال 167: گستاخ ناموسِ رسالت ﷺ عصماء یہودیہ کے قتل کا واقعہ سنائیں۔

سوال 168: گستاخ ناموسِ رسالت ﷺ ابوعَفَکْ یہودی کے قتل کا واقعہ سنائیں۔

سوال 169: گستاخ ناموسِ رسالت ﷺ اِبن خَطَلْ کے قتل کا واقعہ سنائیں۔

سوال 170: گستاخ ناموسِ رسالت ﷺ راج پال ہندو کے قتل کا واقعہ سنائیں۔

سوال 171: گستاخ ناموسِ رسالت ﷺ نتھورام ہندو کے قتل کا واقعہ سنائیں۔

سوال 172: گستاخ ناموسِ رسالت ﷺ پالا مَلْ زرگر کے قتل کا واقعہ سنائیں۔

سوال 173: گستاخ ناموسِ رسالت ﷺ چلچل سنگھ سکھ کے قتل کا واقعہ سنائیں۔

سوال 174: گستاخ ناموسِ رسالت ﷺ سوامی دیانند سرسوتی کے قتل کا واقعہ سنائیں۔

سوال 175: گزشتہ آسمانی کتابوں میں اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کا تذکرہ فرمایا ہے، قرآن وحدیث کی روشنی میں وضاحت کریں۔

سوال 176: قرآن کریم میں حضور ﷺ کے کونسے ذاتی اور صفاتی ناموں کا تذکرہ آیا ہے، وضاحت کریں۔

## طریقۂ محبت (محبت پیدا کرنے کا طریقہ)

سوال 177: حضور ﷺ سے محبت پیدا کرنے کا کیا طریقہ ہے؟ تفصیل سے بتائیں۔

سوال 178: حضور ﷺ سے محبت کے اظہار کا کیا طریقہ ہے؟ تفصیل سے بیان کریں۔

سوال 179: عمل اور کردار سے حضور ﷺ سے محبت کے اظہار کے 5 طریقوں کی وضاحت کریں۔

## اظہارِ محبت کے مروجہ طریقے اور اُن کی شرعی حیثیت

سوال 180: کیا ربیع الاول کے مہینے کی کوئی فضیلت صراحتاً قرآن

وحدیث میں آئی ہے؟

سوال 181: ماہ ربیع الاول کے آغاز کی خوشخبری سے متعلق عوام میں جو حدیث مشہور ہے اس کی کیا حیثیت ہے؟

سوال 182: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت کس مہینہ اور کس دن ہوئی؟

سوال 183: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تاریخ ولادت میں محدثین، مؤرخین کی کیا کیا رائے ہیں اور راجح رائے کیا ہے؟

سوال 184: کیا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تاریخ وفات میں بھی مختلف رائے ہیں؟

سوال 185: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت اور وفات کی تاریخ میں مختلف رائے کیوں ہوئیں؟

سوال 186: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت اور وفات ایک ہی مہینہ میں ہوئی کیا اس میں کوئی حکمت تھی؟

سوال 187: بعض لوگ ماہ ربیع الاول میں سبیلیں لگا کر دودھ یا شربت پلاتے ہیں، حلوہ، مٹھائی، چاول یا دیگر کھانے پکا کر تقسیم کرتے ہیں اور اس کو بڑے اجر وثواب کا باعث سمجھتے ہیں، اس کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

سوال 188: ماہ ربیع الاول میں جھنڈیاں لگانے کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ بعض لوگ اس کے بارے میں ایک روایات نقل کرتے ہیں اس روایت کا کیا حکم ہے؟

سوال 189: لوگوں میں جو یہ مشہور ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی پیدائش کے دن روزہ رکھا ہے اس لیے تاریخ پیدائش 12 ربیع الاول کو روزہ رکھنا مستحب یا مسنون ہے۔ اس کی حقیقت بیان کریں۔

سوال 190: کیا 12 ربیع الاول عید کا دن ہے؟

سوال 191: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت کا، آپ کی خوبیوں کا تذکرہ کرنا اور مروجہ محفل میلاد دونوں ایک ہی چیز ہیں یا ان میں فرق ہے اگر فرق ہے تو ان میں کیا صحیح ہے کیا غلط؟

سوال 192: مروجہ جشن میلاد النبی کیوں بدعت ہے؟

سوال 193: جشن عید میلاد النبی کی ابتداء کب اور کس نے کی؟

سوال 194: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یوم ولادت منانے کا تصور مسلمانوں میں کہاں سے آیا؟

سوال195: آج کل کے جشن عید میلا دالنبی میں کیا کیا گناہ ہوتے ہیں اور کس طرح حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات کی خلاف ورزیاں ہوتی ہیں؟

سوال196: جشن عید میلا دالنبی نیکی ہے یا برائی اس پورے سوال کی وضاحت کریں۔

## نمونۂ محبت

سوال197: حضرت وائل کا ذُبَابٌ کے لفظ سے بال کٹوانے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال198: حضرت سہل بن حنظلیہ رضی اللہ عنہ کی عادت اور خریم رضی اللہ عنہ کا بال کٹوا دینے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال199: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کا چادر کو جلا دینے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال200: صحابہ رضی اللہ عنہم کرام کا سرخ چادروں کو اتارنے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال 201: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا اپنے بیٹے سے نہ بولنے کا

واقعہ بیان کریں۔

سوال 201: حضرت ابن مغفل رضی اللہ عنہ کا خَذَف کی وجہ سے کلام چھوڑ دینے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال 202: انصاری کا مکان کو ڈھا دینے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال 203: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے سونے کی انگوٹھی پھینکنے کے بعد صحابی کا اسے واپس نہ اٹھانے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال 204: حضرت جثامہ کنانی رضی اللہ عنہ کا سونے کی کرسی سے نیچے اترنے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال205: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے سوال کہ نماز قصر قرآن میں نہیں کا واقعہ بیان کریں۔

سوال 206: حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کا سوال نہ کرنے کا عہد کرنے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال 207: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے حکم کی وجہ سے عصر کی نماز قضا ہونے کے باوجود بنو قریظہ میں پہنچنے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال 208: غزوہ حنین کے موقع پر آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے بلاوے پر

فوراً حاضر ہونے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال 209: حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد سنتے ہی فوراً بیٹھ جانے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال 210: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد کی وجہ سے اپنے غلام کو اپنا جیسا کھلانے، پہنانے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال 211: حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا کی غزوات میں شرکت کا واقعہ بیان کریں۔

# چھٹا حق: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لائے ہوئے دین کی مدد و نصرت کرنا

## ہمیں دین کی مدد اور نصرت کا حکم ہے

سوال 212: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا امت پر جو چھٹا حق ہے ''حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لائے ہوئے دین اور پیغام کی مدد و نصرت کرنا'' اس کی وضاحت کریں۔

## دین کی مدد اور نصرت کی شکلیں اور طریقے

سوال 213: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لائے ہوئے دین کی مدد، نصرت اور دفاع کی شکلیں کیا کیا ہیں؟

## دین کے دفاع کے خاطر جان کی قربانی دینے والوں کے واقعات

سوال 214: انس بن نضر رضی اللہ عنہ کا راہ خدا میں اپنی جان کو قربان کرنا اور دوسروں کو اس کی دعوت دینے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال 215: آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پیغام پہنچاتے ہوئے جان فدا

ہونے پر حرام رضی اللہ عنہ کی خوشی کا واقعہ بیان کریں۔

سوال216: براء رضی اللہ عنہ کا دشمن کے باغ کا اندر سے دروازہ کھولنے کی خاطر اس میں پھینکے جانے کا مطالبے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال217: معرکہ یرموک میں چارسو مسلمانوں کی موت پر بیعت کا واقعہ بیان کریں۔

سوال218: اسلامی لشکر کے لیے بڑے قلعے کا دروازہ کھولنے کی غرض سے زبیر رضی اللہ عنہ کا اوپر چڑھنے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال219: نعمان بن مقرنؓ کی اپنی شہادت کے ساتھ مسلمانوں کی فتح کی دعا کا واقعہ بیان کریں۔

سوال220: راہ خدا میں جانیں فدا کرنے کی خاطر مسلمانوں کا اشتیاق کا واقعہ بیان کریں۔

## دین کے دفاع کے لیے ضرورت کی قربانی دینے والوں کے واقعات

سوال221: غزوہ تبوک کے موقع پر صحابہ کرام کا اپنی ضروریات اور کام کاج کا چھوڑنے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال222: صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا رحلتِ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور

حالات کی سنگینی کے باوجود جیش اسامہ رضی اللہ عنہ کو روانہ کرنے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال 223: سنگین حالات کے باوجود صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا مانعین زکوٰۃ اور مرتدین کے خلاف جہاد کا واقعہ بیان کریں۔

## دین کے دفاع کے لیے مال کی قربانی دینے والوں کے واقعات

سوال 224: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا ہجرت کے وقت اپنا سارا مال خرچ کرنے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال 225: حضرت عثمان کا اپنا مال خرچ کرنے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال 226: حضرت عبدالرحمن کا مال خرچ کرنے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال 227: حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کا مال خرچ کرنے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال 228: دیگر حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا مال خرچ کرنے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال 229: حضرت زینب رضی اللہ عنہا کا مال خرچ کرنے کا واقعہ بیان کریں۔

## دین کے دفاع کے لیے تعلقات کی قربانی دینے والوں کے واقعات

سوال 230: حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کا غزوۂ بدر میں اپنے والد

کوقتل کرنے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال 231: دو صحابہ کرام رضی اللہ عنہما کا جنگ کے دوران اپنے والد کے ساتھ پیش آنے والا واقعہ بیان کریں۔

سوال 232: عبداللہ رضی اللہ عنہ کا اپنے والد کو قتل کرنے کی اجازت مانگنے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال 233: ابوبکر رضی اللہ عنہ کا اپنے بیٹے کو جواب دینے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال 234: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا اپنے ماموں کو قتل کرنا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کا اپنے چچازاد کو قتل کرنے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال 235: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کا اپنے والد کے ایمان کے لیے فکرمند ہونے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال 236: حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کا اپنے بھائی کو مضبوط باندھنے کا مشورہ دینے کا واقعہ بیان کریں۔

سوال 237: ام المؤمنین ام حبیبہ کا اپنے والد ابوسفیان (رضی اللہ عنہ) کے ساتھ رویہ کا واقعہ بیان کریں۔

سوال 238: بدر کے قیدیوں کے بارے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے مشورہ کا واقعہ بیان کریں

## حضور ﷺ کے 6 بنیادی حقوق کا تعارف

- ختم نبوت سے متعلق تفصیلات: معنی، مطلب، اہمیت، قادیانیت اور آئین پاکستان، تحریک ختم نبوت کا تعارف، قادیانیوں سے میل جول کا حکم
- درود شریف سے متعلق تفصیلات: حکم، فضائل، کن مواقع/اوقات میں پڑھنے کی تاکید ہے، مستند درود شریف کیا ہیں؟
- حضور ﷺ کے آداب سے متعلق تفصیلات: چار قرآنی ہدایات، 23 واقعات
- حضور ﷺ کی اتباع سے متعلق تفصیلات: سارے عالم کے لیے آپ ﷺ ہی کی اتباع کیوں ضروری ہے؟ ٹھوس دلائل، اتباع کی 15 برکات، اہمیت کے 7 دلائل ترک اتباع کے 7 نقصانات، 6 واقعات۔ طریقہ اتباع
- انسانی مذاہب کے تمام بانیوں کے مقابلہ میں صرف حضور ﷺ ہی کی زندگی ایسی ہے جو تاریخی اعتبار سے مستند اور ہر شک وشبہ سے بالاتر ہے، 5 باتوں کے ذریعہ اس کی تفصیلی وضاحت، ٹھوس دلائل، بیسیوں واقعات
- انسانی مذاہب کے تمام بانیوں کے مقابلے میں صرف حضور ﷺ کی زندگی ایسی ہے جس کے تمام پہلو ذاتی احوال، عبادات، معاملات، اخلاق کے معمولات سامنے ہیں کوئی گوشہ مخفی نہیں۔ بیسیوں احادیث سے تفصیلی وضاحت۔
- تمام طبقات انسانی کے لیے صرف حضور ﷺ ہی کی ذات ہی آئیڈیل بننے کے قابل ہے، ٹھوس عقلی دلائل اور بیسیوں واقعات سے ثبوت
- آپ ﷺ کی زندگی آپ ﷺ کی تعلیمات کا عملی نمونہ تھی، کی وضاحت بیسیوں واقعات سے۔
- حضور ﷺ سے محبت کی تفصیلات: محبت کا حکم، ثمرات، محبت کا مفہوم، محبت پیدا کرنے کے 6 طریقے، محبت کی 6 علامات اور ان سے متعلق بیسیوں واقعات، حضور سے صحیح اظہار محبت کے تین بنیادی اصول۔ مروجہ طریقے اور ان کی شرعی حیثیت۔ حضور ﷺ سے محبت کرنے والوں کے 15 واقعات۔ کسی سے محبت کی 3 بنیادی وجوہات اور حضور ﷺ کی ذات میں ان کا بدرجہ اتم ہونا
- کمالات محمدی کی تفصیلات: حضور ﷺ کا تمام انسانی کمالات، تمام نبیوں کی صفات کا جامع ہونا۔
- خصائص محمدی کی وضاحت: انبیاء کے مقابلے میں حضور ﷺ کے 13 خصائص امتوں کے مقابلے میں امت محمدیہ ﷺ کے 16 خصائص، امت محمد کے مقابلہ میں حضور ﷺ کے 19 خصائص۔
- جمال مصطفی کی تفصیلات: ہر ہر عضو کی الگ الگ قرآن، بیسیوں احادیث اور واقعات سے دلنشین وضاحت۔
- حضور ﷺ کے انسانیت پر احسانات کی تفصیلات: محسن انسانیت کے 6 بڑے احسانات کی قرآن واحادیث اور واقعات سے وضاحت۔
- مسئلہ ناموس رسالت کی تفصیلات: شرعی حیثیت، گستاخانِ ناموس رسالت ﷺ کے انجام کے 10 واقعات
- دین محمد ﷺ کی مدد ونصرت کی تفصیلات: حکم، 7 شکلیں، 4 طریقے، دین محمد کے لیے جانی مالی، جذباتی، تعلقاتی، قربانی دینے والوں کے 27 واقعات